© rasailojaraid.com



سوال:۔ مجلس میں کھانا وغیرہ تقسیم کرتے وقت صدر مجلس سے شروع کیا جاتا ہے۔ یا صرف دائیں جانب سے ہی شروع کیا جائے؟

الجواب بعون الوہاب

صورت مسئولہ میں صدر مجلس وغیرہ سے کھانا وغیرہ تقسیم کرتے وقت ابتداء کی جا سکتی ہے اور پھر جو اس کے دائیں جانب ہو وہاں سے بقیہ تقسیم کرنی چاہیئے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں آتا ہے۔

عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال حلبت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شاۃ داجن و شیب لبنها بماء من البئرالتی فی دارانس فاعطی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم القدح فشرب وعلی یسارہ ابوبکر و عن یمینہ اعرابی فقال عمراعط ابابکر یارسول اللہ فاعطی الاعرابی الذی عن یمینہ ثم قال الایمن فالا یمن و فی روایۃ الایمنون الایمنون الافیمنوا متفق علیہ (بحوالہ مشکواۃ جلد۲/۳۷۱ باب الاشرابۃ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بکری کا دودھ دھویا گیا اور پھر کنوئیں سے پانی بھی ملایا گیا اور وہ پیالہ رسول اللہ ﷺ کو پیش کیا گیا آپ نے اس سے نوش فرمایا اور آپ ﷺ کی بائیں جانب حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ تھے اور دائیں جانب ایک اعرابی تھا۔ حضرت عمر کہنے لگے کہ ابو بکر کو دیجئے آپ ﷺ نے اعرابی کو دیا اور فرمایا دائیں جانب والا۔ دائیں جانب والا۔ خبردار پس دائیں جانب اختیار کرو۔

تو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صدر مجلس یا جو زیادہ معزز ہو اس سے ابتدا کی جا سکتی ہے۔ جیسے رسول اللہ ﷺ کو سب سے پہلے دیا گیا اور پھر آپ کی دائیں

جانب سے شروع کیا گیا۔

© rasailojaraid.com